**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## مری اور گردونواح میں برف باری اور شدید موسم کے پیش نظر آئیسکو فیلڈ فارمیشنز ہائی الرٹ ہیں،

## کسی بھی ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر فیلڈ دفاتر کو اضافی میٹریل مہیا کر دیا گیا ھے،

## چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

16 دسمبر 2025 ,

چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینیر چودھری خالد محمود نے کہا ھے کے مری، نتھیا گلی، گلڈنہ، ایوبیہ اور دیگر پہاڑی مقامات پر ممکنہ برف باری اور شدید موسم کے دوران معزز صارفین کو بجلی کی ترسیل یقینی بنانے اور ان کی بجلی سے متعلقہ شکایات کے فوری ازالے کے لئے افسران و اہلکاروں کو مکمل طور پر الرٹ رہنے کے احکامات جاری کر دئے گئے ہیں مزید کسی بھی ایمرجنسی صورتحال پر بروقت قابو پانے کے لئے متعلقہ دفاتر کو اضافی میٹریل جیسے کے بجلی کی تاریں کھمبے میٹرز اور دیگر فوری طور پر فراھم کرنے کے بھی احکامات جاری کر دئے گئے ہیں فیلڈ افسران ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل رابطے میں رہیں گئے تاکے ایک اچھے ٹیم ورک کی بدولت معزز صارفین کو بہترین سروسز یقینی بنائی جا سکے انھوں نے صارفین سے درخواست کی ھے کے وہ اپنی شکایات کا اندارج ہلپ لائن نمبر 118 یا کمپلنٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل کے نمبر 0519252933 پر کریں۔